# میڈیا ٹائمز لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میڈیا ٹائمز لمیٹڈ (''کمپنی'' یا ''MTL'') کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام (''EOGM'') بروز بدھ مؤرخہ 24 ستمبر 2025ء کو بوقت 12:00 بجے دوپہر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96/B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

### عمومی امور

1. 28 اکتوبر 2024ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

### خصوصی امور

**(I) پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں ایکویٹی سرمایہ کاری کرنا اوراس بابت مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا:**

''**قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مجاز شرائط وضوابط پر کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس بارکہ'') کے سرمایہ حصص میں 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے) تک ایکویٹی انویسٹمنٹ کی غرض سے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے میڈیا ٹائمز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/کسی ایک ڈائریکٹر کو یہاں باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ مذکورہ انویسٹمنٹس کی تکمیل بشمول ضروری فائلنگز وغیرہ کے لئے تمام کاروباری وقانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/کسی ایک ڈائریکٹر کو یہاں باضابطہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

**(II) پیس (پاکستان) لمیٹڈ کو پرنٹ اور سوشل میڈیا کی فروخت کے لئے کمپنی کے CEO کے حق میں منظوری حاصل کرنا۔ اس بابت مندرجہ ذیل عمومی قرارداد بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا:**

''**قرار پایا** کہ میڈیا ٹائمز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/کسی ایک ڈائریکٹر کو جداگانہ حیثیت میں 860.00 روپے (آٹھ سو ساٹھ ملین روپے) کے عوض کمپنی کے پرنٹ اور سوشل میڈیا کی پیس (پاکستان) لمیٹڈ یا ممکنہ خریدار کے حق میں فروخت/ انتقال کے لئے مذاکرات کرنے اور فروخت کو حتمی شکل دینے کے لئے مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/کسی ایک ڈائریکٹر کو جداگانہ حیثیت مذکورہ بالا بزنس کا قبضہ پیس (پاکستان) لمیٹڈ یا ممکنہ خریدار کو دینے کے ساتھ ساتھ تمام سیل/ وثیقہ/ ٹرانسفر معاہدوں، دستاویزات اور دیگر معاہدوں، چارج دستاویزات پر مذاکرات کرنے، اطلاق کرنے، دستخط اور ڈیلیور کرنے کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/کسی ایک ڈائریکٹر کی جانب سے باقاعدہ دستخط شدہ قرارداد کی نقل حسب ضرورت جمع کرائی جائے گی۔''

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کی بابت اعلامیہ لف ہذا ہے۔

یاد رہے کہ اجلاس عام میں تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ SECP کی جاری کردہ ہدایات برائے اجلاس عام میں پیشہ ورانہ عمل کے مطابق اجلاس کے اکرام کا خیال رکھیں۔

بحکم بورڈ

شہزاد جواہر
کمپنی سیکریٹری

لاہور:
02 ستمبر 2025ء

مندرجات:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books مؤرخہ 18 ستمبر 2025ء تا 24 ستمبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں 17 ستمبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک موصول ٹرانسفر کو مذکورہ بالا مقصد کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔
2. ایک رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔
3. CDC سے ایک انفرادی بینی فیشل اونر بابت حصص کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ نمبر اور شراکت آئی ڈی ہمراہ لانا ہوگا۔ CDC سے کارپوریٹ ممبرز کا نمائندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا مختارنامہ بمعہ نامزد فرد کے نمونہ کے دستخط ہمراہ لائیں گے۔
4. **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے لئے 17 ستمبر 2025ء تک کمپنی کتابوں میں ظاہر ہونے والے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ 23 ستمبر 2025ء کو 12:00 بجے دوپہر تک sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ اپنا اندراج کرائیں:

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | ای میل آئی ڈی** | موبائل فون نمبر** |
|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | پیس (پاکستان) لمیٹڈ | | | | |

** شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر فراہم کریں۔

SRO.452(I)2025 کے تقاضوں کے تحت اور بذریعہ ای میل تمام ممبران کو نوٹس جاری کیا جائے گا۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے تیس منٹ پہلے کھول دی جائے گی تا کہ شرکاء شناختی عمل کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز شناخت اور تصدیق کے تمام تر تقاضے پورے کرنے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے EOGM کی کارروائی میں لاگ ان کر کے شرکت کر سکیں گے۔

a) شیئر ہولڈرز sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com یا وٹس ایپ نمبر 0303-4444800، 0302-8440935 پر 23 ستمبر 2025ء کو شام 05:00 بجے تک EOGM کے ایجنڈا آئٹمز اپنی آراء اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے شیئر ہولڈرز کو اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر ظاہر کرنا ہوگا۔

b) اپنی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے شیئر ہولڈرز کو EOGM میں بذریعہ پراکسی یا ذاتی حیثیت میں شرکت کی تلقین کی جاتی ہے۔

**5. ای-ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ**

تمام اراکین کو SRO.451(I)2025 مؤرخہ 13 مارچ، 2025ء کے تحت بذریعہ پول/ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا اختیار ہو گا۔ اراکین کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے جو کمپنی کی ویب سائٹ https://pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے بھی دستیاب ہے۔

**ای-ووٹنگ کا طریقہ کار**

a) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ بذریعہ ای میل شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 17 ستمبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی اراکین کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ سے متعلق اراکین کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ اراکین کو سکیورٹی کوڈ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ خدمات فراہم کنندہ) SMS کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

c) ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d) اراکین 20 ستمبر 2025ء کو صبح 09:00 بجے سے 23 ستمبر 2025ء کو شام 05:00 بجے تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ووٹنگ 23 ستمبر 2025ء کو شام 05:00 بجے بند ہو جائے گی۔ ایک رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد وہ اس میں تبدیلی کے مجاز نہ ہوں گے۔

**بذریعہ پوسٹل بیلٹ پیپر ووٹنگ کا طریقہ کار**

اراکین یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ پر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ شناختی کارڈ کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو کمپنی کے پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس ، 1 - B - 96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ای میل sajjadahmad@pacepakistan.com کو پولنگ کے دن سے ایک یوم قبل کام کے اوقات کار میں پہنچ جانا چاہئے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

**سکروٹینائزر کی تقرری**

میسرز جنیدی شعیب اسد، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو پوسٹل بیلٹ ضوابط کے قاعدہ 11 کے تحت سکروٹینائزر مقرر کیا گیا ہے۔

**.6 فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت کمیشن کے بتائے گئے انداز اور تاریخ کے مطابق ہر موجودہ لسٹ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہوگا جس کا دورانیہ ایکٹ کی تاریخ اطلاق یعنی 30 مئی 2017ء سے چار سال سے زائد نہیں ہوگا۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ براہِ راست CDC میں CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو غیر کاغذی صورت میں تبدیل کر سکیں۔

**.7 پتہ میں تبدیلی**

.1 فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فی الفور آگاہ کریں۔

.2 CDC میں شیئرز رکھنے کی صورت میں پتہ میں تبدیلی کی درخواست براہ راست بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو دی جائے گی۔

**.8 شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانا**

.1 فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے انفرادی اراکین یا وہ اراکین جنہوں نے تا حال اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے التماس ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل فوراً جمع کرائیں۔

.2 CDC میں شیئرز رکھنے کی صورت میں شناختی کارڈ اپ ڈیٹ کرنے کی درخواست براہ راست بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو دی جائے گی۔

**.9 پراکسی**

.1 پراکسی کی تقرری کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اسے پر دستخط کئے گئے ہیں یا مختار نامہ کی مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، B-1-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

2. پراکسیز کی تقرری کے لئے شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

a. فزیکل شیئر ہولڈنگ، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ رکھنے والے فرد واحد اور/ یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق درج ہیں کی صورت میں شیئر ہولڈر کو اس کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b. پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

c. بنی فیشل اونر اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے۔

d. کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائے جائیں گے (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں)۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134 کے ذیلی سیکشن 3 کے تحت بیان

یہ بیان 24 ستمبر 2025ء منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام (''EOGM'') میں زیر بحث لائے جانے والے خصوصی امور کی بابت مادی حقائق پر مشتمل ہے۔

**پیس (بارکہ) پراپرٹیز لمیٹڈ میں سرمایہ کاری**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مجاز شرائط وضوابط کے تحت بقیہ شیئر ہولڈنگ کی خرید کے ذریعے پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس بارکہ'') میں 1,000/- ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے) تک طویل مدتی سرمایہ کاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ مزید یہ کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو اس سرمایہ کے وقتاً فوقتاً اور موزوں وقت میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ مجاز شرائط وضوابط کے تحت ارتداد سرمایہ کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ 22 نومبر 2005ء کو بطور پبلک لمیٹڈ کمپنی قائم ہوئی۔ پیس بارکہ کی بنیادی سرگرمیوں میں شاپنگ مال، اپارٹمنٹس، ولاز اور تجارتی عمارتوں کا حصول، تعمیر، ترقی، فروخت یا کرایہ داری اور ہاسپیٹلٹی کاروبار کرنا شامل ہیں۔ پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کا رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس 96-B/1، ایم ایم عالم روڈ گلبرگ III لاہور میں واقع ہے۔ پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کا موجودہ مجاز سرمایہ حصص 10/- روپے فی حصص پار ویلیو پر 480,000,000/ حصص میں تقسیم 4,800,000,000/- روپے ہے۔ اجراء شدہ، سبسکرائبڈ اور ادا شدہ سرمایہ 10/- روپے فی حصص پار ویلیو پر 479,999,494 حصص میں تقسیم 4,7999,994,940/- روپے ہے۔

پیس بارکہ کے شیئر ہولڈرز کل اداشدہ سرمایہ میں متعلقہ حصہ کے ساتھ فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ 54,791,061 حصص (11.41%)، پارک ویو ہولڈنگز کارپوریشن 68,331,363 حصص (14.23%)، مرحوم شیخ سلیمان احمد سعید الحوقانی 73,924,500 حصص (15.40%)، سعودی پاک انڈسٹریل و ایگریکلچرل انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ 16,875,000 حصص (3.52%)، فیصل بنک لمیٹڈ 5,200,000 حصص (1.70%)، توصل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ 4,500,000 حصص (1.08%)، پیس (پاکستان) لمیٹڈ 250,614,631 حصص (52.21%) اور دیگر شیئر ہولڈرز 5,763,939 حصص (1.00%) شامل ہیں۔

پیس بارک علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کے قریب ایک پریمیم کثیر المقاصد منصوبہ تیار کر رہی ہے جو 5 اسٹار ہوٹل، عالمی معیار کے شاپنگ مال، مجوزہ سروسڈ اور پیس مینجڈ اپارٹمنٹ پر مشتمل ہے۔ یہ پروجیکٹ لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب واقع ہے اور جس کے ملحقہ

علاقوں میں معیاری ہاؤسنگ سوسائٹیز بشمول آرمی ہاؤسنگ سکیم اور ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی شامل ہیں۔

مذکورہ بالا کے علاوہ پیس بارکہ پیس ووڈ لینڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایک رہائشی اسکیم واقع بیدیاں روڈ لاہور کینٹ میں 48% شیئر ہولڈنگ کی مالک ہے۔ ہاؤسنگ اسکیم 160 کنال رقبہ پر محیط 160 گھروں پر مشتمل ہے۔

کمپنی انتظامیہ اس سرمایہ داری موقع کو منافع بخش سمجھتی ہے۔ پیس بارکہ حصص میں سرمایہ کارنقد اور/ یا مابعد کمپنی کے انٹرنل کیش جنریشن بشمول دستیاب اثاثہ جات کی فروخت کے ذریعے کی جائے گی۔ اس سے حاصل ہونے والے ممکنہ فوائد میں منافع منقسمہ اور کیپٹل آمدنی کی صورت میں ایکویٹی انویسٹمنٹ پر آمدنی شامل ہیں۔ کمپنی اس سرمایہ کاری کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تقاضوں پر عمل کرے گی۔ پیس بارکہ کو حاصل ہونے والے تمام تر فوائد جو اس کے کاروباری امور میں ترقی سے منسوب ہوں گے کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کی آمدنی کا حصہ ہوں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یہ بھی منظور کیا ہے کہ بورڈ کی منظور شدہ شرائط وضوابط پر کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت -/1,000 ملین روپے (ایک سو ہزار ملین روپے) تک پیس بارکہ کے سرمایہ حصص میں ایکویٹی سرمایہ داری کے لئے چیف ایگزیکٹو آفیسر/ کسی ڈائریکٹر کو مجاز ٹھہرانے کے لئے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی جائے۔ مزید یہ کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ڈائریکٹر کو اس سرمایہ کے وقتاً فوقتاً اور موزوں وقت میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ مجاز شرائط وضوابط کے تحت ارتداد سرمایہ کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

## کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ضوابط 2017 کے تحت درکار معلومات

کمپنی اپنے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے تحت سرمایہ کاری کرنے کی مکمل طور پر مجاز ہے۔ یہ سرمایہ کاری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ڈائریکٹر کی صوابدید پر کمپنی کی جانب سے کی جائے گی اور حسب ضرورت اتداد سرمایہ کرے گی۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور کمپنی سیکریٹری حسب ضرورت مجوزہ سرمایہ کاری کی بابت تمام تر کاروباری وقانونی تقاضے پورے کرنے کے مجاز ہیں۔

کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ضوابط 2017 کے تحت درکار معلومات:

### ایکویٹی کی صورت میں سرمایہ کاری

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ایسوسی ایٹڈ کمپنی/ انڈرٹیکنگ کا نام | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ |
| (ii) | تعلق کی نوعیت | مشترکہ ڈائریکٹرشپ |
| (iii) | گذشتہ تین برسوں کے لئے فی حصص آمدنی | جون 2022 2023 2024<br>روپے (1.02) (0.97) (1.25) |
| (iv) | تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بنیاد پر فی حصص بریک اپ ویلیو | -/12.97 روپے فی حصص |

| | | |
|---|---|---|
| (v) | تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بنیاد پر مالیاتی حالت بشمول مالیاتی حالت کی اسٹیٹمنٹ اور نفع ونقصان اکاؤنٹ | 2024ء کو اختتام پذیر مالیاتی سال<br>سرمایہ حصص اور زخائر 6,227.014 ملین روپے<br>غیر حالیہ واجبات 808.127 ملین روپے<br>حالیہ واجبات 1.221.318 ملین روپے<br>غیر حالیہ اثاثہ جات 5,495.684 ملین روپے<br>حالیہ اثاثہ جات 2,488.285 ملین روپے<br>آپریٹنگ خسارہ 737.325 ملین روپے<br>مالیاتی سال 2024ء کے لئے خالص خسارہ 600.305 ملین روپے ہے |
| (vi) | ایسوسی ایٹڈ کمپنی/انڈرٹیکنگ کے زیر غور پروجیکٹ کی بابت سرمایہ کاری کی صورت میں مندرجہ ذیل مزید معلومات | |
| | (I) تجویز کے وقت سے پروجیکٹ کی تفصیل اور اس کا ماضی | پیس بارکہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے قریب واقع کثیر المقاصد پریمیم پروجیکٹ پیس سرکل پروجیکٹ کی تکمیل پر توجہ دے رہا ہے جو 5 اسٹار ہوٹل، عالمی معیار کے شاپنگ مال، مجوزہ سروسڈ اور پیس مینجڈ اپارٹمنٹ پر مشتمل ہے۔ یہ پروجیکٹ لاہور انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے قریب واقع ہے اور جس کے ملحقہ علاقوں میں معیاری ہاؤسنگ سوسائٹیز بشمول آرمی ہاؤسنگ سکیم اور ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی شامل ہیں۔ کل مجوزہ تعمیر شدہ رقبہ 1.67 ملین مربع فٹ (بشمول تہہ خانہ) پر مشتمل ہے۔ سروسڈ اپارٹمنٹ کا سول ورک اور شاپنگ مال کی عمارت تقریباً مکمل ہوچکی ہے۔ |
| | (II) کام کی تاریخ آغاز اور مکمل ہونے کی متوقع تاریخ | تاریخ آغاز 2005ء ہے جس کے ریٹیل اور اپارٹمنٹ حصہ کی تکمیل 31-12-2026 اور ہوٹل کی تکمیل 31-12-2027 تک متوقع ہے۔ |
| | (III) وقت جب تک یہ پروجیکٹ تجارتی لحاظ سے فعال ہوجائے گا۔ | 31-12-2026 |
| | (IV) وقت جب تک پروجیکٹ سرمایہ کاری پر منافع دینا شروع کردے گا | 31-12-2026 |
| | (V) پروموٹرز، سپانسرز، ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں/ انڈرٹیکنگز کی جانب سے لگائے گئے حالیہ اور ممکنہ فنڈز جو نقد اور غیر نقد ہیں | تمام شیئر ہولڈرز نے پیس بارکہ میں 4,799,999,994 روپے سرمایہ لگایا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| کی جانے والی سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ مالیت | -/1,000,000,000 روپے (ایک ہزار ملین روپے) |
| مذکورہ سرمایہ کاری اور سرمایہ کاری کی مدت کے دوران مقصد، فوائد جو انویسٹنگ کمپنی، اس کے ممبران کو ہو سکتے ہیں | کمپنی کے دستیاب/ممکنہ کیش ذخائر بشمول اثاثہ جات کی فروخت کا استعمال تاکہ شیئر ہولڈرز کو ممکنہ طور پر بہتر آمدنی دی جا سکے۔ |
| انویسٹمنٹ کے لئے استعمال ہونے والے فنڈز کے وسائل | دستیاب کیش وسائل اور/یا کمپنی آپریشنز یا اثاثہ جات کی فروخت سے ممکنہ انٹرنل کیش جنریشن |
| مجوزہ سرمایہ کاری کی بابت ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں/ انڈرٹیکنگز کے ساتھ کئے جانے والے معاہدہ (معاہدوں) کی نمایاں خصوصیات | دستیاب نہیں |
| ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں/ انڈرٹیکنگز یا زیر غور ٹرانزیکشن میں ڈائریکٹرز، سپانسرز، بڑے شیئر ہولڈرز اور ان کے رشتہ داروں کا بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد | جناب سلمان تاثیر (مرحوم) کل شیئر ہولڈنگ کے 2,613,701 حصص (0.86%) مالک ہیں اور یہ ترکہ ہیں۔ کمپنی کے بقیہ ڈائریکٹرز اور ان کے رشتہ دار (اگر کوئی ہوں) اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔ |
| ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں/ انڈرٹیکنگز میں کی گئی ماضی میں سرمایہ کاری کی صورت میں مذکورہ انویسٹمنٹ کی جائزہ رپورٹ بمعہ معلومات/ جواز بابت امپیئر منٹ یا رائٹ آف؛ اور | دستیاب نہیں |
| ٹرانزیکشن کو سمجھنے کے لئے اراکین کو درکار دیگر اہم تفصیلات | ایسوسی ایٹڈ کمپنی میں ایکویٹی انویسٹمنٹ |
| قیمت کی حد جس پر سکیورٹیز حاصل کی جائیں گی | 11.08 فی حصص پر فیئر ویلیو کا تعین قانون کے مطابق کیا گیا ہے۔ |
| لسٹڈ ادارے کی صورت میں اگر قیمت خرید اور ان لسٹڈ سکیورٹیز کی صورت میں فیئر ویلیو مارکیٹ ویلیو سے زائد ہو تو اس کا جواز | دستیاب نہیں |
| حاصل کی جانے والی سکیورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | اندازاً 90,252,708 بشرح 11.08 روپے فی حصص |
| مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور مابعد سکیورٹیز کی تعداد اور اس کی اوسط | قبل ازیں = صفر حصص = 00.00%<br>مابعد: 90,252,708 حصص = 18.80% |
| ان لسٹڈ سکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے لئے قاعدہ (1)5 کے تحت فیئر ویلیو کا تعین | فیئر ویلیو کا تعین 11.08 روپے فی حصص پر کیا گیا ہے۔ 30 جون 2024ء کو بریک اپ ویلیو -/12.97 روپے فی حصص ہے |

**کمپنی کے پرنٹ اور سوشل میڈیا بزنس کی پیپس (پاکستان) لمیٹڈ یا ممکنہ خریدار کو فروخت**

یہ بیان 24 ستمبر 2025ء منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام (''EOGM'') میں زیر بحث لائے جانے والے خصوصی امور کی بابت مادی حقائق پر مشتمل ہے۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 22 جولائی 2025ء کو اپنے شیئر ہولڈرز کو تجویز کیا کہ کمپنی کے پرنٹ اور سوشل میڈیا بزنس کو پیس (پاکستان) لمیٹڈ یا دیگر خریداروں کے حق میں فروخت کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/کسی ڈائریکٹر کو مجاز ٹھہرایا جائے۔

یہ بھی تجویز کیا گیا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/کسی ایک ڈائریکٹر کو کمپنی کے بزنس کا قبضہ پیس (پاکستان) لمیٹڈ یا ممکنہ خریدار کو دینے کے ساتھ ساتھ تمام سیل/ وثیقہ/ٹرانسفر معاہدوں، دستاویزات اور دیگر معاہدوں، چارج دستاویزات پر مذاکرات کرنے، اطلاق کرنے، دستخط اور ڈیلیور کرنے کا مجاز ٹھہرایا جائے۔اور اس بابت کمپنی کے مندرجہ ذیل بزنس کی فروخت/ انتقال کیلئے درکار تمام واقعاتی، متعلقہ، قانونی یا دیگر اقدامات اٹھائے جائیں:

ڈیلی ٹائمز ایک ملکی انگریزی اخبار ہے جو عوام الناس کی ضروریات پورا کرنے کے لئے لاہور، کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہوتا ہے جو گردش کے اعتبار سے ملک کے معروف انگریزی اخباروں میں سے ایک ہے جو انتہائی معتبر مانا جاتا ہے۔

سنڈے ٹائمز 17 سال کے شاندار سفر پر محیط پاکستان کا ایک معروف فیشن میگزین ہے جو فیشن، طرزِ زندگی، آرٹس، تفریح، کلچر اور قومی ہیروز کی نمائندگی کرتا ہے۔ڈیلی ٹائمز اخبار کے ساتھ ہر اتوار کو یہ میگزین اعزازی کاپی کے طور پیش کیا جاتا ہے۔

''آج کل'' ایک اردو روزنامہ ہے جو اپنے آغاز سے مارکیٹ میں کامیابی سے اپنی پوزیشن برقرار رکھے ہوئے ہے اور اپنی گردش اور اشتہار سازی میں اپنے حصے کو بہتر بنانے کے لئے کوشاں ہے۔

**آن لائن/ ڈیجیٹل میڈیا**

میڈیا ٹائمز لمیٹڈ کے ڈیجیٹل ونگ کا مقصد ایڈورٹائزرز کے لئے ایک قدم آگے کا حل بننا ہے۔ایڈورٹائزرز کے لئے سوشل میڈیا کی کشش کو مد نظر رکھتے ہوئے میڈیا ٹائمز نے مندرجہ ذیل پروڈکٹس کے لئے علیحدہ ویب سائٹس، فیس بک پیجز، انسٹا گرام اکاؤنٹس، ٹوئیٹرا کاؤنٹس، بلاگ رائٹنگ فورمز اور سنیپ چیٹس قائم کئے ہیں:

- ڈیلی ٹائمز اخبار
- سنڈے ٹائمز میگزین
- بزنس پلس TV
- ذائقہ TFC

PEC سے رجسٹرڈ تخمینہ کار میسرز KGT (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے حاصل تخمینہ کی بنیاد پر 860.00 ملین روپے (آٹھ سو ساٹھ ملین روپے) قیمت فروخت کا تعین کیا گیا ہے۔

| نام بزنس | زرمعاوضہ نقد (ملین روپوں میں) |
|---|---|
| ڈیلی ٹائمز انگریزی روزنامہ | 600.00 |
| آج کل اردو روزنامہ | 200.00 |

| | |
|---|---|
| سنڈے ٹائمز میگزین | 50.00 |
| | |
| **سوشل میڈیا بزنس** | |
| بزنس پلس | 3.00 |
| ذائقہ ٹی وی | 3.00 |
| Wikkidٹی وی | 3.00 |
| TGFمیگزین | 1.00 |
| **میزان** | **860.00** |

ڈائریکٹرز، سپانسرز، بڑے شیئر ہولڈرز اوران کے رشتہ داروں کوایسوی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ یا زیرغور سودے میں کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ مفادنہ ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نئی بزنس لائن یعنی ریئل اسٹیٹ بزنس میں چنداسٹریٹجک منصوبے شروع کرنے کاارادہ رکھتے ہیں۔

SRO 423(I)/2018 مؤرخہ 3اپریل 2017ء کے مطابق درکارمعلومات

| | |
|---|---|
| **I. انڈرٹیکنگ کے بھاری حصے کی فروخت یالیز کی صورت میں** | |
| i) فروخت اور لیز پردیئے جانے والے اثاثہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے: | |
| | |
| a) تفصیل/ نام اثاثہ | **پرنٹ اورسوشل میڈیا بزنس:**<br>ڈیلی ٹائمز ملکی انگریزی روزنامہ<br>سنڈے ٹائمز معروف فیشن میگزین<br>آج کل اردو روزنامہ<br>**آن لائن/ ڈیجیٹل میڈیا**<br>● ڈیلی ٹائمز اخبار<br>● سنڈے ٹائمز میگزین<br>● بزنس پلس TV<br>● ذائقہ TFC |
| b) اثاثہ حاصل کرنے کی تاریخ | سال 2002ء کے دوران |
| c) قیمت | 0.05 ملین روپے |

| | |
|---|---|
| d) ازسرِنو تعین پر قیمت اور تخمینہ کی تاریخ (اگر لاگو ہو) | 19-06-2025 کو 860.00 ملین روپے |
| e) بک ویلیو | 860.00 ملین روپے |
| f) اندازاً حالیہ مارکیٹ پرائس/فیئر ویلیو | 19-06-2025 کو 860.00 ملین روپے |
| g) فروخت کی صورت میں اگر متعلقہ قیمت فروخت بک ویلیو یا فیئر ویلیو سے کم ہو تو اس کی وجوہات | اطلاق نہیں ہوتا |
| h) اثاثہ جات کی لیز کی صورت میں دورانیہ، لیز کرایہ، اضافی کرایہ، لیز کرایہ کے تعین کا طریقہ اور لیز کی دیگر اہم شرائط وضوابط | اطلاق نہیں ہوتا |
| i) اراضی کی فروخت پر اضافی معلومات<br>ii) مقام:<br>iii) اراضی کی نوعیت (یعنی کمرشل، زرعی وغیرہ)<br>iv) فروخت کیا جانے والا رقبہ | |
| ii) مذکورہ اثاثہ جات کی فروخت کا مجوزہ طریقہ | بذریعہ مذاکرات |
| iii) اگر کمپنی نے خریدار ڈھونڈ لیا ہو اور وہ متعلقہ فریق ہو تو اس حقیقت کو مادی حقائق کے اعلامیہ میں ظاہر کیا جائے۔ | |
| iv) اثاثہ جات کی فروخت اور لیز کا مقصد بمعہ مندرجہ ذیل معلومات:<br>a) ٹرانزیکشن سے حاصل آمدنی کا استعمال<br>b) کمپنی کی آپریشنل استعداد پر اثرات، اگر کوئی ہو؛ اور<br>c) اراکین کو ممکنہ طور پر حاصل ہونے والے عددی ومقداری فوائد | نئی بزنس لائن رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں شمولیت<br>کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں متعدد پروجیکٹ پر غور کر رہے ہیں۔ اور نیا کاروباری منصوبہ موجودہ کاروباری آپریشنز کے فروخت کے بعد عمل میں لایا جائے گا۔ |

**دستاویزات کا جائزہ**

میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت اعلامیہ، تازہ ترین پیٹرن آف شیئر ہولڈنگ اور گذشتہ چھ ماہ کے دوران کمپنی میں 10% یا زائد شیئر ہولڈنگ کے مالک شیئر ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ میں فرق، گذشتہ تین برس کے لئے کمپنی کے سالانہ پڑتال شدہ کھاتے، پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ اور تمام دیگر متعلقہ معلومات بابت کمپنی کی نقول کا جائزہ نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد کے دوران کاروباری اوقات کار میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لیا جا سکتا ہے۔

**ڈائریکٹرز اور ان کے رشتہ داروں کا مفاد**

مندرجہ ذیل افراد کمپنی اور پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے مشترکہ ڈائریکٹر/شیئر ہولڈرز ہیں:

| نام | میڈیا ٹائمز لمیٹڈ میں حیثیت | میڈیا ٹائمز لمیٹڈ میں حصص | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں حیثیت | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں حصص |
|---|---|---|---|---|
| آمنہ تاثیر | چیئرمین | 1,000 حصص (0.001%) | CEO | 600 کوالیفکیشن حصص بطور nominee پیس (پاکستان) لمیٹڈ |
| شہریار علی تاثیر | CEO | 600 حصص (0.001%) | ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 600 کوالیفکیشن حصص بطور nominee پیس (پاکستان) لمیٹڈ |
| شہباز علی تاثیر | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 600 حصص (0.001%) | ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 600 کوالیفکیشن حصص بطور nominee پیس (پاکستان) لمیٹڈ |
| شہربانو تاثیر | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 500 حصص (0.001%) | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 600 کوالیفکیشن حصص بطور nominee پیس (پاکستان) لمیٹڈ |

فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ پیس بارکہ میں 54,790,561 حصص (11.41%) اور کمپنی میں 49,493,770 حصص (27.67%) کی مالک ہے جناب سلمان تاثیر (مرحوم) پیس بارکہ میں 2,613,701 حصص (0.54%) کے مالک ہیں جو ترکہ میں ہیں۔مزید برآں، جناب سلمان تاثیر (مرحوم) کمپنی میں 323,172 حصص (0.18%) کے مالک ہیں جو ترکہ میں ہیں۔

مذکورہ بالا ڈائریکٹرز اور ان کے رشتہ دار (اگر کوئی ہوں) پیس بارکہ میں اپنے کوالیفکیشن حصص اور بطور nominee پیس (پاکستان) لمیٹڈ میں ملکیت کی حد تک دلچسپی رکھتے ہین۔

کمپنی اور پیس (پاکستان) لمیٹڈ میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ/شیئر ہولڈنگ رکھنے والے افراد مندرجہ ذیل ہیں:

| نام | میڈیا ٹائمز لمیٹڈ میں حیثیت | میڈیا ٹائمز لمیٹڈ میں حصص | پیس (پاکستان) لمیٹڈ میں حیثیت | پیس (پاکستان) لمیٹڈ میں حصص |
|---|---|---|---|---|
| آمنہ تاثیر | چیئرمین | 1,000 حصص (0.001%) | CEO | 27,546,587 حصص (9.9%) |
| شہریار علی تاثیر | CEO | 600 حصص (0.001%) | ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 28,000 حصص (0.01%) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شہباز علی تاثیر | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 600 حصص (0.001%) | ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 987 حصص (0.001%) |
| شہر بانو تاثیر | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 500 حصص (0.001%) | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 587 حصص (0.001%) |

ایسوسی ایٹڈ کمپنی فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ براہ راست اور بذریعہ ذیلی کمپنی پیس (پاکستان) لمیٹڈ میں 11,462,615 حصص (کل شیئر ہولڈنگ کا 4.11%) کی مالک ہے جب کہ جناب سلمان تاثیر (مرحوم) کمپنی کے سابقہ CEO پیس میں 587 کوالیفکیشن حصص رکھتے ہیں جو کہ ترکہ میں ہیں۔

ان ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو اوران کے رشتہ داروں (اگر کوئی ہے) کے مفاد پر قرارداد کا اثر دیگر شیئر ہولڈرز کے مساوی مفاد پر اثر سے مختلف نہ ہے۔ خصوصی اموراور/ یا قراردادوں میں یہاں بیان کئے گئے مفاد کے علاوہ ان کا کوئی مفاد نہیں ہے۔

# میڈیا ٹائمز لمیٹڈ

## بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ ڈاک

24 ستمبر 2025ء بروز بدھ بوقت 12:00 بجے دوپہر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-96/B ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور اور بذریعہ برقی ذرائع منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں زیر بحث لائے جانے خصوصی امور کے لئے

چیئرمین کا مقررہ ای میل ایڈریس جہاں پر باقاعدہ پرشدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے: sajjadahmad@pacepakistan.com; jawahar@pacepakistan.com

| | |
|---|---|
| نام شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| فولیو/CDC شریک/ انویسٹر آئی ڈی بمعہ ذیلی اکاؤنٹ نمبر | |
| تعداد ملکیتی حصص | |
| شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (نقل لف کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (نقل لف کی جائے) | |

میں/ ہم مندرجہ ذیل کے متعلقہ باکس میں (✓) کا نشان لگا کر مندرجہ ذیل قراردادوں پر رضامندی یا غیر رضامندی کا اظہار کر کے بذریعہ پوسٹل بیلٹ مندرجہ ذیل قرارداد کی بابت اپنا/ ہمارا ووٹ کا حق باضابطہ طور پر استعمال کرتا/ کرتے ہوں/ ہیں۔

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | تعداد عمومی حصص جس کے لئے ووٹ کاسٹ کیئے گئے | میں/ ہم قرارداد سے اتفاق کرتے ہیں۔ (حق میں) | میں/ ہم قرارداد کی نفی کرتے ہیں۔ (خلاف) |
|---|---|---|---|---|
| | خصوصی امور | | | |
| I | **پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں ایکویٹی سرمایہ کاری کرنا اور اس بابت مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو بمعہ/ علاوہ ترامیم منظور کرنا:**<br>''**قرار پایا کہ** کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مجاز شرائط وضوابط پر کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس بارکہ'') کے سرمایہ حصص میں 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے) تک ایکویٹی انویسٹمنٹ کی غرض سے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے میڈیا ٹائمز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/ کسی ایک ڈائریکٹر کو یہاں باقاعدہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''<br>''**مزید قرار پایا کہ** مذکورہ انویسٹمنٹس کی تکمیل بشمول ضروری فائلنگز وغیرہ کے لئے تمام کاروباری وقانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کسی ایک ڈائریکٹر کو یہاں باضابطہ طور پر مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔'' | | | |
| II | | | | |

**مندرجات::**

| | |
|---|---|
| 1 | باقاعدہ پر پوسٹل بیلٹ پیپر چیئرمین کو اُن کے ای میل ایڈریس یا بذریعہ کوریئر چیئرمین کے نام کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور یا ای میل: sajjadahmad@pacepakistan.com پر بھیجا جائے۔ |
| 2 | شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ |
| 3 | پوسٹل بیلٹ فارم وصولی کی آخری تاریخ یعنی 23 ستمبر 2025ء سے قبل چیئرمین کو پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد وصول بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کے لئے شمار نہیں کیا جائے گا۔ |
| 4 | پوسٹل بیلٹ کے دستخط شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔ |
| 5 | نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، پھٹے پرانے، دہرے لکھے ہوئے بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| 6 | یہ پوسٹل بیلٹ پیپر پاکستان لمیٹڈ کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر بھی ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے دستیاب ہے۔شیئر ہولڈرز ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع بیلٹ پیپر کو استعمال کر سکتے ہیں۔ |

**دستخط شیئر ہولڈر/ ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز/ مجاز دستخط کنندہ**

( کاروباری ادارے کی صورت میں براہ کرم کمپنی کی مہر لگائیں )

مقام:.........................................

تاریخ:.........................................

# پراکسی فارم

| |
|---|
| فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر: ________________ |
| ملکیتی حصص: ________________ |

کمپنی سیکریٹری

میڈیا ٹائمز لمیٹڈ

فرسٹ کیپٹل ہاؤس

96-B/1، ایم ایم عالم روڈ،

گلبرگ-III، لاہور

میں/ ہم.............................. ولد/ دختر/ زوجہ.............................. شناختی کارڈ نمبر..............................

بطور رکن (اراکین) میڈیا ٹائمز لمیٹڈ مسمی/ مسماۃ.............................. ولد/ بنت/ زوجہ.............................. شناختی

کارڈ نمبر.............................. یا اس/ ان کی عدم حاضری پر مسمی/ مسماۃ..............................

ولد/ بنت/ زوجہ.............................. شناختی کارڈ نمبر.............................. کو مؤرخہ 24 ستمبر 2025ء کو دوپہر 12:00 بجے

منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام یا مابعد نشست میں اپنی جانب سے ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرتا/ کرتی/ کرتے ہوں/ ہیں۔

مؤرخہ.............................. 2025ء کو میرے دستخط سے جاری ہوا۔

| |
|---|
| پچاس روپے کی<br>ریونیو ٹکٹ چسپاں کریں |

________________

دستخط رکن

(دستخط کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)

مندرجہ ذیل کی موجودگی میں دستخط کئے گئے:

| | |
|---|---|
| ________________<br>**دستخط گواہ 1**<br>نام: ..............................<br>شناختی کارڈ: .............................. | ________________<br>**دستخط گواہ 2**<br>نام: ..............................<br>شناختی کارڈ: .............................. |

**مندرجات:**

1) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا/ کی اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے/ دوسری رکن کو اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

2) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئے۔

a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔